## کمیشن کو گذارشات

آپ کو تحریری طور پر گزارش جمع کرانے کے لیے مدعو کیا جاتا ہے۔ کمیشن کینیڈا کے وفاقی انتخابی عمل اور جمہوری اداروں میں غیر ملکی مداخلت کے معاملے پر عوام کے تمام اراکین کے تجربات، مشاہدات اور خیالات پر تعاون کا خیرمقدم کرتا ہے (کمیشن کے فرمان (مینڈیٹ)، "جمہوری ادارے" کے تناظر میں پارلیمنٹ اور ایگزیکٹو برانچ کا حوالہ کریں)۔ اپنی گزارش جمع کرانے کے لیےذیل میں آپ کو رہنما اصول ملیں گے۔

کمیشن کے فرمان (مینڈیٹ) کا ایک اہم حصہ نسلی اور ثقافتی کمیونٹیز کے ان ممبران کے تجربات کا جائزہ لینا اورانہیں رپورٹ کرنا ہے، جن کا غیر ملکی مداخلت کا شکار ہونے کا مخصوصاً امکان ہے۔ تارکین وطن (ڈائسپورہ) کمیونٹیز کے ممبران کو تحریری گذارشات فراہم کرکے کمیشن کے ساتھ شامل ہونے کی ترغیب دی جاتی ہے۔

۳۱ جولائی، ۲۰۲٤ تک موصول ہونے والی تمام گذارشات کو کمیشن پڑھے گا اور ان پرغور کرے گا۔

### کمیشن کو اپنی گزارش دینے کی تیاری کے لیے رہنما اصول

آپ کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ جتنی جلدی ممکن ہو اپنی گزارش جمع کروا دیں۔ اپنی گزارش کی جمع آوری کب کرنی ہے اس بارے میں مزید معلومات ذیل میں "اہم تاریخیں" کے عنوان کے تحت دی گئی ہیں۔

۳۱ جولائی، ۲۰۲٤ تک موصول ہونے والی تمام گذارشات کو کمیشن پڑھے گا اور ان پر غور کرے گا۔ آپ کی گزارش کمیشن کی طرف سے یا تو تحریری رپورٹ میں یا کمیشن کی عوامی سماعتوں کے دوران منسوب کی جا سکتی ہے یا حوالہ دی جا سکتی ہے۔ جب تک آپ ہمیں اپنی تحریری اجازت نہیں دیتیں/ دیتے ہیں، کمیشن آپ کے بارے میں کوئی شناختی معلومات، جیسے آپ کا نام یا ای میل ایڈریس، جاری نہیں کرے گا۔ اگر آپ نہیں چاہتی/ چاہتے ہیں کہ آپ کی گزارش کو منسوب کیا جائے یا اس کا حوالہ دیا جائے، تو واضح طور پر اپنی گزارش کو بطور "خفیہ" نشان زد کریں۔

اپنی گزارش کی تیاری کرتے وقت، آپ کو درج ذیل پر غور کرنے کی ترغیب دی جاتی ہے:

- مخصوص انداز میں لکھیں اور، جہاں مناسب ہو، اپنے تجربات سے متعلق حقائق کے بارے میں مخصوص انداز برقرار رکھیں؛
- ان اہم چیزوں پر توجہ مرکوز کریں، جن کے بارے میں آپ چاہتی/ چاہتے ہیں کہ کمیشن جانے ؛ اور
- اپنی گزارش کو مختصراور توجہ مرکوز رکھیں۔

آپ اپنی پسند کی زبان میں اپنا عرض کر سکتی/ سکتے ہیں۔ اگر آپ فرانسیسی یا انگریزی کے علاوہ کسی دوسری زبان میں گزارش کرتی/ کرتے ہیں، تو براہ کرم جو زبان استعمال کی گئی ہے، گزارش کے شروع میں اس زبان کی شناخت کریں۔

درج ذیل سوالات آپ کی گزارش کی تیاری میں مددگار ہو سکتے ہیں:

- **آپ کون ہیں؟** مفید معلومات میں آپ کی عمر، پیشہ (اگر قابل اطلاق ہو)، اور تارکین وطن کی (ڈائیسپورا) کمیونٹیز کے ساتھ آپ کا کوئی بھی تعلق یا شمولیت شامل ہیں۔
- **آپ کینیڈا کے وفاقی انتخابات یا جمہوری عمل میں کیسے شامل رہی/ رہے ہیں؟** مفید معلومات میں آپ کی کوئی بھی سیاسی رکنیت یا وابستگی شامل ہے، اور آپ کی پارٹی کے اندرونی عمل جیسے امیدواروں کی نامزدگی، وفاقی انتخابی عمل، یا عمومی وفاقی جمہوری عمل کے ساتھ اگر آپ کی کوئی ممکناً شمولیت رہی ہے، تو وہ شامل ہے (مثال کے طور پر، کسی امیدوار کے لیے رضاکارانہ طور پر کام کرنا، کسی مہم میں حصہ لینا، ترغیب کاری (لابینگ)، عطیہ دینا، یا ووٹ ڈالنا)۔
- **آپ وفاقی انتخابات یا جمہوری عمل میں غیر ملکی مداخلت کے بارے میں کیا جانتی/ جانتے ہیں؟** مفید معلومات میں یہ شامل ہیں کہ آپ کس غیر ملکی مداخلت سے واقف ہیں، آپ غیر ملکی مداخلت سے متعلق کیسے آگاہ ہوئے، اور آیا آپ کسی غیر ملکی اداکار کے کینیڈا کے وفاقی انتخابات یا جمہوری عمل میں مداخلت کرنے کی کوششوں کا، ذاتی طور پر نشانہ بنی/ بنے ہیں۔
- **آپ کینیڈا کے وفاقی انتخابات یا جمہوری عمل میں غیر ملکی مداخلت سے کیسے متاثر ہوئی/ ہوئے ہیں؟** مفید معلومات میں آپ کی صحت، تعلقات، کام کی زندگی، یا دیگر اثرات جو آپ نے تجربہ کیے ہیں، اس کے ساتھ آپ کے حکام اور

وسائل جیسے قانون نافذ کرنے والے اداروں یا سرکاری محکموں، خدمات، یا غیر ملکی مداخلت سے متعلق ایجنسیز کے ساتھ ہونے والے کسی بھی تعامل کے بارے میں معلومات شامل ہیں۔

- **آپ نے غیر ملکی مداخلت کا کیا جواب دیا یا کیا رد عمل ظاہر کیا ہے؟** مفید معلومات میں قانون نافذ کرنے والے اداروں یا سرکاری محکموں، خدمات، ایجنسیز، یا غیر ملکی مداخلت سے متعلق آزاد وفاقی تنظیموں کے ساتھ آپ کے کوئی بھی لین دین شامل ہیں۔ اگر آپ نے غیر ملکی مداخلت کے جواب میں قانون نافذ کرنے والے اداروں، سرکاری محکموں، خدمات، ایجنسیز یا آزاد وفاقی تنظیموں سے مدد مانگی ہے یا مدد حاصل کی ہے، تو کمیشن یہ جاننے میں دلچسپی رکھتا ہے کہ وہ امداد کتنی مؤثر تھیں، اور یہ کہ اس کے علاوہ اور کیا چیز آپ کے لیے مدد گار ثابت ہوسکتی تھی۔
- **آپ کے خیال میں کمیشن کو اس کے علاوہ اور کیا جاننا یا غور کرنا چاہیئے؟** مفید معلومات میں غیر ملکی مداخلت کا پتہ لگانے، روکنے یا ان کا مقابلہ کرنے سے متعلق، اورجو لوگ غیر ملکی مداخلت کا شکار ہو سکتے ہیں، ان کی حفاظت یا حمایت کرنے سے متعلق، کوئی بھی تجاویز یا سفارشات شامل ہیں۔

## کمیشن کو اپنی گزارش بھیجنا

آپ ای میل، ڈاک، یا سگنل انکرپٹڈ میسجنگ ایپ (Signal encrypted messaging app) کے ذریعے کمیشن کو اپنی گزارش فراہم کر سکتی/ سکتے ہیں، جیسا کہ ذیل میں بیان کیا گیا ہے۔ اگر گزارش جمع کرانے کے بارے میں آپ کے کوئی سوال ہیں، یا اگر آپ بغیر کسی رکاوٹ کے تحریری طور پر جمع کرانے سے قاصر ہیں، تو براہ کرم کمیشن سے consultation@pifi-epie.gc.ca پر رابطہ کریں اورایک ٹیلی فون نمبر فراہم کریں جس کے ذریعے کمیشن کی ٹیم آپ سے بات چیت کے لیے رابطہ کرسکے۔

### ای میل

آپ درج ذیل ای میل ایڈریس پر کمیشن کو اپنی گزارش جمع کروا سکتی/ سکتے ہیں۔

consultation@pifi-epie.gc.ca

### سگنل

اگر آپ انکرپٹڈ ذرائع کا استعمال کرتے ہوئے کمیشن کو معلومات فراہم کرنے میں زیادہ آرام دہ محسوس کرتی/ کرتے ہیں، تو آپ سگنل – پرائیویٹ میسنجر ایپ کے ذریعے ایسا کر سکت/ سکتے ہیں۔ کمیشن کے سگنل کا صارف نام (username) ہے:
signal_pifi_epie20.24

### ڈاک

آپ درج ذیل پتے پر ڈاک کے ذریعے ہمیں اپنی گزارش بھیج سکتی/ سکتے ہیں:

غیر ملکی مداخلت پرسرکاری تحقیقات

90 Sparks St
Basement - 04
Ottawa, ON  K1A 0H9

## اہم تاریخیں

۲۰۲٤ کے موسم خزاں میں کمیشن عوامی سماعتیں منعقد کرے گا، بشمول وہ سماعتیں جن کا مقصد وفاقی حکومت کو سفارشات دینے میں کمشنر کی مدد کرنا ہے۔ ان سماعتوں کے اوقات کو زیر نظر رکھتے ہوئے، کوئی بھی گذارشات **۳۱ جولائی، ۲۰۲٤** سے پہلے کی جانی چاہئیں۔